ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((407

28.08.25

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس لائنز میں تھیلیسیمیا کے شکار بچوں کیلئے بلڈ ڈونیشن کیمپ کا اہتمام۔پولیس افسران اور جوانوں کی کثیر تعداد میں شرکت، خون کے عطیات دیئے،جس نے ایک انسان کی جان بچائی گویا اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی،یہ ہمارے ایمان کا حصہ ہونے کے ساتھ ہمارا اخلاقی فرض بھی ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس کی کمیونٹی پولیسنگ کے احکامات کی روشنی میں اور ڈی پی او محمد حسن اقبال کی ہدایت پر ریجنل بلڈ سنٹر بہاولپور کے تعاون سے ڈسٹرکٹ پولیس لائنز میں تھیلیسیمیا کے شکار بچوں کے لیے بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ضلع بھر سے تھانہ جات، ڈولفن اسکواڈ، ایلیٹ فورس اور دیگر برانچز سے پولیس افسران اور جوانوں نے خون کے عطیات فراہم کیے۔ اس حوالے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے بات کرے ہوئے کہا کہ جہاں ہمارا فرض معاشرہ کی بدامنی اور جرائم کی سرکوبی کرنا ہے وہیں پر پاکستان کے شہری ہونے کے ساتھ ساتھ ہمارا مذہب اسلام بھی ہمیں درس دیتا ہے کہ انسانیت کی بقاء کی خاطر اپنے آپ کو پیش کریں تا کہ کسی دکھی انسان کے غم کا مداوا کر سکیں، تھیلیسیمیا جیسے موذی مرض کے شکار معصوم بچے بلڈ کے منتظر ہوتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ہمارا اسلام درس دیتا ہے کہ جس نے ایک انسان کی جان بچائی گویا اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس لائنز میں تھیلیسیمیا کے شکار بچوں کیلئے بلڈ ڈونیشن کیمپ کا اہتمام

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(408)

28.08.25

**بہاول پور( )ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے ہمراہ تھانہ نوشہرہ جدید اور تھانہ اوچشریف میں کھلی کچہری لگائی۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلاتاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے،ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے ہمراہ تھانہ نوشہرہ جدید اور تھانہ اوچشریف میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں ایس ڈی پی او سرکل احمد پور شرقیہ اور جملہ ایس ایچ اوز و دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ریجنل پولیس آفیسر نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔آر پی او نے دوران کھلی کچہری میں افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔عوام کی خدمت اور ان کے جان ومال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ریجنل پولیس آفیسر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ آر پی او اور ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔آخر میں آر پی او رائے بابر سعید اور ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: آر پی او رائے بابر سعید نے ڈی پی او محمد حسن اقبال کے ہمراہ تھانہ نوشہرہ جدید اور تھانہ اوچشریف میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کئے اور ان کے حل کیلئے احکامات جاری کئے